30جولائی، 2012

اسٹیٹ بینک رمضان المبارک کے دوران نئے کرنسی نوٹوں کی فراہمی کیلئے کمرشل بینکوں کی شاخوں کے وسیع نیٹ ورک سے استفادہ کرے گا

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے رمضان المبارک، 2012 کے دوران عوام کو نئے کرنسی نوٹوں کی فراہمی کے لئے کمرشل بینکوں کی 10,000 سے زائد شاخوں کے وسیع نیٹ ورک سے مکمل استفادہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

اس مقصد کے لئے اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) نے کمرشل بینکوں کو ان کے برانچ نیٹ ورک کی مناسبت سے نئے کرنسی نوٹوں بالخصوص چھوٹی مالیت (10 روپے سے 100 روپے تک مالیت) کے نئے کرنسی نوٹوں کی وافر تعداد میں فراہمی کے لئے بھرپور انتظامات کئے ہیں۔

کمرشل بینکوں کی شاخیں یکم اگست، 2012 سے لیکر عیدالفطر، 2012 سے قبل آخری کاروباری روز تک (یا اسٹاک کے ختم ہونے تک) اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اس کی ایک نقل کے ساتھ پیش کرنے پر برانچ میں آنے والے ہر فرد/ کھاتیدار کو 10 روپے اور 20 روپے والے نئے کرنسی نوٹوں کا صرف ایک ایک پیکٹ جاری کریں گی، تاہم بینکوں کی شاخیں اپنے کارپوریٹ کلائنٹس کو کمپنی کے لیٹر ہیڈ پر مجاز نمائندے کے دستخط کے ساتھ درخواست کی وصولی پر 10 روپے اور 20 روپے مالیت کے نئے کرنسی نوٹوں کے زیادہ سے زیادہ پانچ، پانچ پیکٹس فراہم کر سکتی ہیں۔

کمرشل بینکوں سے نئے کرنسی نوٹوں کے حصول میں عوام کو پیش آنے والی کسی قسم کی بھی مشکلات دور کرنے کے لئے ایس بی پی بی ایس سی نے ایک ہیلپ ڈیسک قائم کی ہے، جس سے ٹیلی فون نمبرز 021-32455470 اور 021-32455454 پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ شکایات ای میل ایڈریس freshnotes@sbp.org.pk یا ترجمان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو ان کے ای میل ایڈریس syed.wasimuddin@sbp.org.pk پر بھی بھیجی جا سکتی ہیں۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان بینکنگ سروسز کارپوریشن نے نئے کرنسی نوٹوں کی فراہمی میں بینکوں کی جانب سے کسی قسم کی بے قاعدگی کی صورت میں بینکوں پر جرمانے کے لئے ایک طریقہ کار نافذ کر دیا ہے۔ رمضان المبارک، 2012 کے دوران عوام کو نئے کرنسی نوٹوں کی فراہمی کے سلسلے میں اسٹیٹ بینک کی ہدایات کی خلاف ورزی کرنے پر بینکوں پر جرمانے بھی عائد کئے جائیں گے۔

☆☆☆/